# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 04 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بلیٹ ٹرین پروجیکٹ کے باعث ملک میں ریلوے خدمات میں انقلابی تبدیلیاں اور معیشت کو تقویت ملے گی: ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا اظہارِ یقین۔

☆ Waves کانفرنس میں دسویں قومی کمیونٹی ریڈیو ایوارڈز تقسیم؛ نو آبادیاتی زمرے میں سانگلی کے ییر لا وانی ریڈیو کو پہلا ایوارڈ۔

☆ پاکستان مخالف پالیسی کے تحت بھارت کی جانب سے درآمدات اور ڈاک پابندی عائد؛ پاکستانی جہازوں کا ہندوستانی بندرگاہوں میں داخلہ بند۔

☆ طبّی نصاب میں داخلے کیلئے NEET امتحان آج؛ ریاست کے 35 شہروں میں دو لاکھ 79 ہزار طلبہ شرکت کریں گے۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کے 10 طلبہ کا اِسرو کی تعلیمی سیر کیلئے انتخاب۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ ریلوے اشونی ویشنو نے اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بلیٹ ٹرین منصوبے کے باعث ملک کی ریلوے خدمات میں انقلابی تبدیلیاں واقع ہوں گی اور معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ کل ممبئی میں باندرہ- کُرلا کمپلیکس میں بلیٹ ٹرین منصوبے کی مجوزہ اراضی کا انھوں نے دورہ کیا۔ اس موقع پر انجینئرز اور افسران سے بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ یہ منصوبہ مقررہ وقت میں مکمل کرنے کا حکومت مصمم ارادہ رکھتی ہے۔

اسی دوران کل ممبئی میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ اور تفریح کے شعبے میں بھارت' اقوامِ عالم کی قیادت کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اشونی ویشنو نے کہا:

**Byte: Ashvini Vaishnaw**

انھوں نے مزید بتایا کہ گوگل' میٹا اور مائیکروسافٹ سمیت چھ بین الاقوامی کمپنیوں نے کل Waves کانفرنس 2025 کے دوران انڈین انسٹیٹیوٹ آف کریئیٹو ٹکنالوجی IICT کے ساتھ مفاہمتی قراردادوں پر دستخط کیے۔

***** ***** *****

کمیونٹی ریڈیو کے ملک بھر میں جاری سرگرمیوں کی اطلاعات ونشریات کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مُروگن نے ستائش کی ہے۔ وہ کل Waves کانفرنس میں کمیونٹی ریڈیو کے افتتاحی سیشن سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ تمام کمیونٹی ریڈیوز کسی خاص مقصد کیلئے چلائے جاتے ہیں جس سے ہماری روایات کو فروغ ملتا ہے۔ انھوں

نے اپیل کی کہ مستقبل میں ٹیکنالوجی کا استعمال کرکے زیادہ سے زیادہ طبقات تک پہنچانے کی کمیونٹی ریڈیو کوشش کریں۔اس موقع پر دسویں قومی کمیونٹی ریڈیو ایوارڈز کی تقسیم بھی وزیرِ موصوف کے ہاتھوں عمل میں آئی۔نو آبادیاتی زمرے میں ریاست کے کمیونٹی ریڈیو بیر لاوانی کو قومی سطح پر پہلا ایوارڈ دیا گیا۔جت تعلقے اوراس کے اطراف و اکناف سنے جانے والے اس ریڈیو نے کم عمری کی شادیوں اور دیگر غلط رسم و رواج کے خلاف کئی پروگرام نشر کیے تھے۔اس ریڈیو کو اب تک دیئے جانے والے ایوارڈز میں یہ تیسرا قومی سطح کا ایوارڈ ہے۔اس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے محکمۂ اطلاعات و نشریات کے سیکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ کمیونٹی ریڈیو کی سرگرمیوں سے مکمل وابستگی اور عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

دریں اثناءٔ کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس میں جاجو نے بتایا کہ Waves کانفرنس سے ہزاروں کروڑ روپئے کے کاروباری مواقع پیدا ہوئے ہیں اور اعلیٰ درجے کی کمپنیاں Waves بازار کا حصہ بن رہی ہیں۔Waves کانفرنس آج ختم ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

گوا کے شِر گاؤں میں پیش آئے حادثے پر صدرِ جمہوریہ درَوپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے غم کا اظہار کیا ہے۔شِر گاؤں کے لئی رائی دیوی کی جاترا کے دوران بھگدڑ مچنے سے چھ افراد ہلاک اور 80 زائرین زخمی ہو گئے تھے۔کل صبح مندر کے احاطے میں دہکتے انگاروں پر ننگے پاؤں چلنے کی روایتی رسم کے دوران عقیدت مندوں میں اچانک بھگدڑ مچ گئی،جس کے باعث یہ حادثہ رونماء ہوا۔زخمیوں کو مہاپاس ضلع اسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے۔گوا کے وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت نے زخمیوں کی عیادت کی اور اعلان کیا کہ ان کے علاج کے اخراجات حکومت برداشت کرے گی۔

***** ***** *****

پہلگام حملے کے بعد پاکستان مخالف پالیسی کے ایک حصے کے طور پر بھارت نے پاکستان سے درآمدات مکمل طور پر بند کر دیئے ہیں۔پاکستان کی جانب سے بالواسطہ یا بلاواسطہ کی جانے والی یا راستے میں موجود ہر قسم کی برآمدات پر مکمل پابندی کا نوٹیفکیشن محکمۂ خارجہ کے تجارتی شعبے نے جاری کیا۔اس سے رعایت حاصل کرنے کیلئے حکومت سے علیحدہ اجازت نامہ لینا ہو گا۔اس کے علاوہ بندرگاہ٬ جہاز رانی اور آبی حمل و نقل کی وزارت نے ایک حکمنامے کے ذریعے تمام پاکستانی جہازوں کے ہندوستانی بندرگاہوں میں داخلے پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔مواصلات کی وزارت نے پاکستان سے فضائی٬ بحری اور بری راستوں سے ڈاک اور پارسل لانے اور بھارت سے ڈاک و پارسل پاکستان بھیجنے کو بھی مکمل طور پر روک دیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

طبّی تعلیم کے مختلف نصابوں میں داخلے کیلئے NEET امتحان آج ہو رہے ہیں۔ریاست کے 35 شہروں میں دو لاکھ 79 ہزار طلبہ یہ امتحان دیں گے۔چھترپتی سمبھا جی نگر میں 49 امتحانی مراکز پر 19 ہزار 500 طلبہ اس امتحان میں حصہ لے رہے ہیں۔ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے امتحان کیلئے انتظامیہ کی جانب سے کی گئی تیاریوں کا کل جائزہ لیا۔انھوں نے بتایا کہ ہر امتحانی مرکز کو سی سی ٹی وی سے جوڑا گیا ہے۔ہر طالبِ علم کی مکمل تلاشی لی جائیگی٬ کوئی بھی طالبِ علم کسی قسم کا الیکٹرانک ڈیوائس ساتھ نہ لے جا سکے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا٬ دوپہر کے وقت امتحان ہونے کے سبب دھوپ سے بچاؤ کے اقدامات کیے جائیں گے اور ہر امتحانی مرکز پر ایک میڈیکل ٹیم تعینات ہو گی۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں 51 ذیلی مراکز پر NEET کے امتحان ہوں گے۔دورانِ امتحان٬ امتحانی مراکز پر اور احاطے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ رونماء نہ ہو اس کیلئے ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے آج صبح نو بجے سے شام سات بجے تک امتحانی مراکز کے 100 میٹر کے رقبے میں حکمِ امتناع نافذ کر دیا ہے۔ناندیڑ ضلع میں 56 مراکز پر تقریباً 20 ہزار طلبہ یہ امتحان دیں گے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے ریاستی صدر جینت پاٹل نے کہا ہے کہ ذات کی بنیاد پر مردُم شماری، درج فہرست ذاتوں اور قبائل کو فنڈز کی فراہمی میں معاون ثابت ہوگی۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ریاست میں پارٹی کو توسیع دینے کیلئے میٹنگیں منعقد کی جارہی ہیں اور ہر ایک کی رضامندی سے فیصلے کیے جارہے ہیں۔ اس موقع پر پاٹل نے کہا کہ پاکستان کیخلاف ہر قسم کی کارروائی کی اُن کی پارٹی مکمل حمایت کرتی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے 10 طالبِ علم بنگلورو میں ہندوستانی خلائی تحقیقاتی ادارے اِسرو کی تعلیمی سیر پر جائیں گے۔ اس کیلئے جماعتِ ہفتم کے طلباء وطالبات کے انتخاب کیلئے اسمارٹ اسٹوڈنٹ امتحان لیا گیا تھا۔ جس سے منتخب کیے گئے 10 طالبِ علموں میں میونسپل کارپوریشن اسکول ہرسول کی کومل گائیکواڑ، شتیج کامبلے اور شراون لوکھنڈے کو بھی منتخب کیا گیا ہے۔ خاتون ٹیچر سویتا بامبرڈے نے ان امتحانات کیلئے طلبہ کی رہنمائی کی تھی۔ میونسپل کمشنر جی شریکانت نے ان امتحانات کیلئے طلبہ کی رہنمائی کی تھی۔ میونسپل کمشنر جی شریکانت اور ڈپٹی کمشنر انکش پانڈھرے نے ان طلبہ اور اساتذہ کو مبارکباد دی ہے۔

***** ***** *****

دھولیہ پولس کی مقامی کرائم برانچ نے بیڑ ضلع کے سارقوں کے ایک گروہ کو گرفتار کرلیا ہے۔ کھڑکی گینگ کے نام سے مشہور یہ گروہ، کھڑکیوں کی آہنی جالیوں کو نکال کر گھروں میں سرقے کی واردات کیا کرتا تھا۔ ان کے قبضے سے پانچ موبائل، ایک فور وہیلر اور سرقہ شدہ 11 لاکھ 33 روپئے کے زیورات پولس نے ضبط کر لیے ہیں۔ پانچ افراد پر مشتمل اس گروہ کے ہر فرد پر ریاست بھر میں 30 سے زائد مقدمات درج ہیں۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت آکولہ میں 44 اعشاریہ نو ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھا جی نگر میں 42 اعشاریہ دو، دھاراشیو میں 42 اعشاریہ چھ، بیڑ میں 42 اعشاریہ آٹھ اور پربھنی میں 44 ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ ودربھ میں کل چند مقامات پر تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش کی بھی اطلاعات ملی ہیں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بلیٹ ٹرین پروجیکٹ کے باعث ملک میں ریلوے خدمات میں انقلابی تبدیلیاں اور معیشت کو تقویت ملے گی: ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا اظہارِ یقین۔

☆ Waves کانفرنس میں دسویں قومی کمیونٹی ریڈیو ایوارڈز تقسیم؛ نوآبادیاتی زمرے میں سانگلی کے ییر لا وانی ریڈیو کو پہلا ایوارڈ۔

☆ پاکستان مخالف پالیسی کے تحت بھارت کی جانب سے درآمدات اور ڈاک پابندی عائد؛ پاکستانی جہازوں کا ہندوستانی بندرگاہوں میں داخلہ بند۔

☆ طبّی نصاب میں داخلے کیلئے NEETامتحان آج؛ ریاست کے 35 شہروں میں دو لاکھ 79 ہزار طلبہ شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****